ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((460

مورخہ 25.09.25

**بہاول پور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن 13ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد الجدید اور تھانہ سٹی حاصل پور کی شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 15بوتلیں ولائتی شراب اور 30لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ کوتوالی، سول لائنز، بغداد الجدید، مسافر خانہ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 کلو 800 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تھانہ سول لائنز، مسافر خانہ، صدر احمد پور شرقیہ، سٹی وصدر یزمان، ہیڈ راجکاں، ڈیراور اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 08ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 06عدد پسٹل 30بور، 01عدد کاربین 12بور اور 01عدد ریوالور 32بور برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز ((461
**25.09.25**

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت، تمام شہریوں کی سکیورٹی ہمارے لیے یکساں ہیں،ان کی جان ومال کی حفاظت ہمارااولین فرض ہے،شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت جاری کیں۔پکار15 پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7ایکٹیو ہے۔شہری ایمرجنسی صورتحال میں پکار15 پر اطلاع دیتے ہیں، جس پر پولیس کی طرف سے فوری ریسپانس ہونا چاہیے۔متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس نہ ہونے پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں پکار15 کو موصول ہونے والی ٹیلی فون کالز،ان کا متعلقہ پولیس کو اطلاع دینا اور متعلقہ پولیس کے رسپانس تک کے تمام عمل کو مانیٹر کیا جارہاہے۔غفلت ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے۔شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے پکار15 کی کالز پر فوری رسپانس کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کردیئے